تبویب / عنوان	مضمون سوال وجواب	نام مفتی

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ ۔

(۱) کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں: کہ اگر کوئی شخص یہ منت مانے کہ اگر فلاں کام ہو گیا تو بکرا ذبح کروں گا۔ اب پوچھنا یہ ہے کہ اگر وہ کام ہو جائے تو کیا منت کے پورا ہونے کیلئے یہ شرط ہے کہ وہ بکرا ہی ذبح کرے یا کیا اسکی قیمت صدقہ نہیں کر سکتا؟

اور (۲) اسی طرح اگر منت میں کوئی بکرہ وغیرہ متعین کر دیا جائے تو کیا اسی بکرہ کا صدقہ ضروری ہے؟ یا کوئی اور بکرہ بھی خرید کر صدقہ کیا جا سکتا ہے؟ اور (۳) کیا منت کا گوشت خود استعمال کیا جا سکتا ہے؟ جبکہ منت ماننے والا خود بھی غریب ہو۔

مستفتی ۔ ظہیر یونس درجہ دورہ حدیث ایبٹ آبادی
داخلہ نمبر ۱۵۸۲
فون نمبر ۔ 03349534189

تفصیلی فتویٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب حامداً ومصلیاً

(۱)...... اس سوال کا جواب جاننے سے پہلے اس بات کی تحقیق ضروری ہے کہ آیا ذبح کی نذر ماننے سے نذر منعقد ہوتی ہے یا نہیں، اس سلسلہ میں "احسن الفتاویٰ" میں مذکور ہے کہ "اضحیہ کے سوا ذبحِ حیوان مقصود نہیں (۴۸۳/۵) اور یہ کہ نذرِ ذبح میں فعلِ ذبح عبادت نہیں" (۵۲۷/۷) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص صرف ذبحِ حیوان کی نذر مانے تو وہ منعقد نہیں ہوتی، تاہم فقہاء کرام کے بیان کردہ اصول اور چند جزئیات سے معلوم ہوتا ہے کہ ذبحِ حیوان کی نذر منعقد ہو جاتی ہے اور یہ کہ ذبح بذاتِ خود مقصود بھی ہے، کیونکہ فقہاء کرام نے نذر کے انعقاد کو ان باتوں سے مشروط کیا ہے کہ وہ عبادتِ مقصودہ ہو اور اسکی جنس میں سے کوئی واجب پایا جائے، اگرچہ علامہ حصکفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی یہ عبارت:

"ومن نذر نذرا مطلقا أو معلقا بشرط وكان من جنسه واجب أي فرض كما سيصرح به تبعا للبحر والدرر" وقوله "ولم يلزم الناذر ما ليس من جنسه فرض"

جو ظاہراً اسکے خلاف ہے، کیونکہ اس عبارت کا مقتضی یہ ہے کہ ذبح کی نذر منعقد نہیں ہوتی کیونکہ اس کی جنس میں سے کوئی فرض نہیں پایا جاتا، لیکن علامہ شامی اور علامہ طحطاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما نے اس پر تفصیل سے کلام کیا ہے، جس

Scanned by CamScanner

سے معلوم ہوتا ہے کہ نذر ہر اس عبادت مقصودہ کی درست ہے جس کا کوئی فرد واجب ہو، علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

"قوله: لأن الذبح ليس من جنسه فرض الخ هذا التعليل لصاحب البحر وينافيه ما في الخانية قال إن برئت من مرضي هذا ذبحت شاة فبرئ، لا يلزمه شيء إلا أن يقول فلله علي أن أذبح شاة اه. وهي عبارة متن الدرر وعللها في شرحه بقوله لأن اللزوم لا يكون إلا بالنذر والدال عليه الثاني لا الأول اه فأفاد أن عدم الصحة لكون الصيغة المذكورة لا تدل على النذر أي لأن قوله ذبحت شاة وعد لا نذر ويؤيده ما في البزازية لو قال إن سلم ولدي أصوم ما عشت فهذا وعد لكن في البزازية أيضا إن عوفيت صمت كذا لم يجب ما لم يقل لله علي وفي الاستحسان يجب ولو قال إن فعلت كذا فأنا أحج ففعل يجب عليه الحج اه. فعلم أن تعليل الدرر مبني على القياس والاستحسان خلافه وينافيه أيضا قول المصنف على شاة أذبحها أو عبارة الفتح فعلي بالفاء في جواب الشرط إذ لا شك أن هذا ليس وعدا ولا يقال إنما لم يلزمه شيء لعدم قوله لله علي لأن المصرح به صحة النذر بقوله لله علي حج أو علي حجة فيتعين حمل ما ذكره المصنف على القول بأنه لا بد من أن يكون من جنسه فرض وحمل ما في الخانية والدرر من صحة قوله لله علي أن أذبح شاة على القول بأنه يكفي أن يكون من جنسه واجب وسيأتي في آخر الأضحية عن الخانية لو نذر عشر أضحيات لزمه ثنتان لمجيء الأثر بهما وفي شرح الوهبانية الأصح وجوب الكل لإيجابه ما لله من جنسه إيجاب ونقل الشارح هناك عن المصنف أن مفاده لزوم النذر بما من جنسه واجب اعتقادي أو اصطلاحي اه. ويؤيده أيضا ما قدمناه عن البدائع وبه يعلم أن الأصح أن المراد بالواجب ما يشمل الفرض والواجب الاصطلاحي لا خصوص الفرض." (۳/۳۹۷)

اسی طرح علامہ طحطاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عبارت بھی اسی پر دلالت کرتی ہے:

"(قوله ما يس من جنسه فرض) هذا هو الذي وعد بذكره قال المصنف في شرحه وهذا يثبت أن المراد بالواجب في قولهم يشترط في لزوم النذر أن يكون من جنسه واجب، فرض وبه صرح شيخنا في بحره مستدلا عليه بقوله في مجموع النوازل: لو قال وهو مريض: ان برئت من مرضي هذا ذبحت شاة أو على شاة أذبحها فبرئ لا يلزمه شيء ولو قال: على شاة أذبحها وأتصدق بلحمها لزمه. آه قال لأن الذبح من جنسه واجب وهو الذبح في الأضحية وقد صرح بأنه لا يصح النذر بالذبح من غير تصريح بالصدقة بلحمه وما ذاك الا لكون الصدقة من جنسها فرض آه بتصرف، ثم قواه بنص الدرر على الافتراض، أقول أن ما في مجموع النوازل لا يعين اشتراط الافتراض بل انما يلزمه لأن ما صدر منه بهذه الصيغة ليس نذرا حتى لو تلفظ بصيغة النذر في الذبح لزمه وان كان من جنسه واجب لا فرض ويدل عليه ما في الهندية عن فتاوى قاضي خان: رجل قال ان برئت من مرضي هذا ذبحت شاة فبرئ لا يلزمه شيء ال اذ يقول ان برئت فلله علي أن أذبح شاة الخ، فأفاد أنه اذا صرح بنذر الذبح لزمه وقد علمت أن من جنس الذبح واجبا وكذا ذكره صاحب الدرر آخرا

Scanned by CamScanner

"

وفی البدائع:(٢٤٥/٤)

وإن كان مقيدا بمكان بأن قال : لله على أن أصلى ركعتين فى موضع كذا أو أتصدق على فقراء بلد كذا يجوز أداؤه فى غير ذلك المكان......الى...... ولنا أن المقصود والمبتغى من النذر هو التقرب إلى الله عز وجل فلا يدخل تحت نذره إلا ما هو قربة وليس فى عين المكان وإنما هو محل أداء القربة فيه فلم يكن بنفسه قربة فلا يدخل المكان تحت نذره......الخ

وفى اعلاء السنن(٣٨١/١١)

قوله"فعليه الوفاء"أى من حيث القربة لا بكل وصف التزمه به أو عينه وهو خلافية زفررحمه الله تعالیٰ......الخ.

فی امداد الفتاوی جلد٢ سوال نمبر٦٦٧:کا جواب:

ان روایات سے چند امور معلوم ہوئے۔ایک یہ کہ قربانی سے مراد ناذر نے صرف ذبح لیا ہے یا قربانی بقرعید کے زمانہ میں ،اگر اول مراد لیا ہے تو جب چاہے نذر ادا کرے اور اگر ثانی ہے تو خاص ایام نحر میں ادا کرنا ہوگا۔الخ)

فی امداد الاحکام(٤٢/٣)

سوال: نذر غیر معین میں بجائے جانور کے اس کی قیمت فقراء پر صدقہ کرنے سے نذر ادا ہوگی یا نہیں اور بہتر جانور دینا ہے یا اس کی قیمت؟ جواب: اگر نذر ذبح حیوان کی تھی تو ذبح ہی واجب ہے تصدق قیمت کافی نہیں اور اگر ذبح کی نیت نہ تھی تو تصدق قیمت کافی ہے (۴۲/۳) واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب وعلمہ اتم واکمل

دانش یاسین

بندہ دانش یاسین غفر اللہ لہ ولوالدیہ
دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی
١٧/١/١٤٣١ھ

الجواب صحیح
عبد المنان عفی عنہ
١٨/١/١٤٣١ھ

الجواب صحیح
احقر محمود اشرف غفر اللہ لہ
١٨/١/١٤٣١ھ

الجواب صحیح
محمد یعقوب عفا اللہ عنہ
١٨/١/١٤٣١ھ

الجواب صحیح
بندہ عبد الرؤف سکھروی
١٩-١-١٤٣١ھ

الجواب صحیح
محمود احمد عفا اللہ عنہ
١٩-١-١٤٣١ھ

Scanned by CamScanner

ساتھ معین ہے اسی کو ذبح کرنا کافی ہے۔(۲/۱۲ ۷ و ۸۰)

۱۲......امداد المفتیین میں ہے:(سوال ۶۳۴):رجل نذر أن یضحی بقرة معینة فی أیام الأضحیة واشتری ثانیة لیضحی من نفسه (لأنه غنی تجب علیه الأضحیة)فضحی من نفسه بالمنذورة ظنا أنها ثانیة التی اشتراها لأضحیه نفسه واکل لحومها وأطعم الفقیر کما یجوز فی لحوم الأضحیة ووفی النذر بعدها بالثانیة التی اشتراها لنفسه ظنا انها المنذورة التی نذر وتصدق لحومها علی الفقراء کما یجب فی المنذور۔أو ذهب الرجل الی قریة أخری بعد توکیل اولاده علی الأضحیة وایفاء النذر ففعلوا بالعکس فما حکم بینوا توجروا.

(الجواب):لما ذبح البقرة المنذورة علی نیة الأضحیة الواجبة من نفسه امتنع الوفاء بالنذر فوجب القیمة ،والقیمة کما تتأدی بالنقد کذلك تتادی بالعروض والأموال الأخر فلما تصدق بلحم البقرة الأخری علی نیة النذر سقط عنه ما کان یلزمه من اداء القیمة بشرط ان لا تکون البقرة الثانیة أنقص قیمةً من الأولی وسقطت عنه الأضحیة الواجبة أیضا لوقوعها فی المحل صادرا عن الأهل فان کون البقرة المنذورة لا یخرجها عن صلاحیة الأضحیة فحینئذ لا یجب علیه شیء من الضمان،نعم علیه ان یستغفر لهذا الخطاء والنسیان فانهماوان کانامرفوعین عن الأمةلعدم الاختیار ولکن قلما یخلو النسیان عن ارتکاب شیء من الغفلة فیجب الاستغفار منه .والله تعالیٰ أعلم

ان جزئیات سے معلوم ہوتا ہے کہ نذر ذبح میں بھی جانور متعین ہوسکتا ہے،لہذا اگر کسی نے اپنے مملوکہ خاص جانور کو نذر میں متعین کردیا تو احتیاط اس میں ہے کہ وہی جانور نذر میں ذبح کردیا جائے۔

۳......اگر ناذر نے صرف ذبح کی نذر مانی تھی تو چونکہ ہمارے عرف میں عموما اسمیں صدقہ وخیرات کی بھی نیت ہوتی ہے اسلئے ناذر خود اس جانور کا گوشت نہیں کھا سکتا،نذر کے اس جانور کا گوشت غرباء فقراء میں تقسیم کرنا ہوگا،البتہ اگر اسکی مراد ایام نحر میں قربانی کی نذر تھی تو چونکہ یہ اضحیہ منذورہ یعنی قربانی ہے اسلئے ناذر اسمیں سے خود بھی کھا سکتا ہے لیکن اگر اس نے قربانی کے ساتھ تصدقِ لحم کی بھی نذر مانی تھی تو سارا گوشت صدقہ کرنا لازم ہوگا، اور اگر اسمیں سے کچھ کھالیا تو جتنا کھایا ہو اسکے بقدر قیمت صدقہ کرنا لازم ہے۔(تبویب:۷۹/۱۱۲۶)

مکمل حوالہ جات

فی الدر المختار:(۷۳۹/۳)

نذر أن یذبح ولده فعلیه شاة.

(جاری......)

Scanned by CamScanner

" تنبيه ذكر العلامة ابن نجيم في رسالته في النذر بالصدقة أنه ذكر في الخانية أنه لو عين التصدق بدراهم فهلكت سقط النذر قال وهذا يدل على أن قولهم وألغينا الدينار والدرهم ليس على إطلاقه فيقال إلا في هذه فإنا لو ألغيناه مطلقا لكان الواجب في ذمته فإن هلك المعنين لم يسقط الواجب وكذا قولهم ألغينا تعيين الفقير ليس على إطلاقه لما في البدائع لو قال لله على أن أطعم هذا المسكين شيئا سماه ولم يعينه فلا بد أن يعطيه للذي سمى لأنه إذا لم يعين المنذور صار تعيين الفقير مقصودا فلا يجوز أن يعطي غيره اه ."

اس کے علاوہ مندرجہ ذیل جزئیات سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ قاعدہ علی الاطلاق نہیں ہے:

١......بدائع الصنائع میں ہے: لو قال لله على أن أطعم هذا المسكين هذا الطعام بعينه فأعطى ذلك الطعام أجزأه لأن الصدقة المتعلقة بمال متعين لا يتعين فيه المسكين لأنه لما عين المال صار هو المقصود فلا يعتبر تعيين الفقراء، والأفضل أن يعطي الذي عينه، ولو قال لله على أن أطعم هذا المسكين شيئا سماه ولم يعينه فلا بد أن يعطيه الذي سماه لأنه اذا لم يعين المنذور صار تعيين الفقير مقصودا فلا يجوز أن يعطي الذي غيره. (٣٣٢/٤)

٢......فتاوی قاضی خان میں ہے: "رجل في يده درهم فقال لله على ان اتصدق بهذه الدراهم فلم يتصدق حتى هلكت، سقط النذر، وإن لم تهلك وتصدق بمثله جاز أيضا. (٢٦٩/١)

٣......فتاوی ھندیہ میں ہے: ولو قال لله على ان أطعم عشرة مساكين ولم يسم مقدار الطعام فأطعم خمسة لم يجزئ ولو قال لله على أن أطعم هذا المسكين هذا الطعام فأطعم هذا الطعام مسكينا آخر أجزأه ولو قال لله على أن أطعم هذا المسكين شيئا ولم يعين ذلك فلا بد أن يطعم ذلك المسكين. (٦٦/٥)

٤......تاتارخانیہ میں ہے: لو قال "لله على ان أطعم هذا المسكين شيئا" ولم يعين ذلك، فلا بد أن يطعم ذلك المسكين. (٣٤/٥)

......المحیط البرهانی میں ہے: في "المنتقى" اذا نذر بهدى شاة بعينها فأهدى مثلها أجزأه وكذلك اذا نذر ...تق عبد بعينه فأعتق مثله أجزأه وهذا قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى، وقال أبو يوسف رحمه الله ...ى: لا يجزيه؛ لأن الحق فيه للمملوك. (٣٥٧/٦)

...وفيه أيضا: اذا قال "لله على أن أعتق هذه الرقبة وهي في ملكه فعليه أن يفي به فيما بينه وبين الله ... (٣٦٦/٦)

(جاری......)

Scanned by CamScanner

مضمون سوال وجواب

۷......درر الحکام میں ہے: وإذا تركت حتى مضت أيام التضحية تصدق بها أي بالأضحية نفسها حية ناذر لمعينة أي من كان في ملكه شاة وقال لله علي أن أضحي بهذه الشاة تصدق بها أيضا فقير شراها أي الأضحية لها أي للتضحية فإنها تجب على الفقير بالشراء بنية التضحية عندنا (۲٦۸/۱).

۸......ہدایہ میں ہے: ولو لم يضح حتى مضت أيام النحر: ان كان أوجب على نفسه أو كان فقيرا وقد اشترى الأضحية: تصدق بها حية. (فتح القدير مع الهدايه ۸/٤۳۲)

وفي العناية تحته: (ان كان) سواء كان الموجب غنيا او فقيرا.

وفي الكفاية تحته: (أوجب) أي شاة بعينها بأن يكون في ملكه شاة فيقول أضحي بهذه أو يقول لله علي أن أضحي بهذه أو يقول: علي أن أضحي بهذه.

وفي فتح القدير تحته: (تصدق بها حية): قال في "معراج الدراية" فيه الايجاب على نفسه غير مفيد لأنه لو كان واحبا بدون الايجاب على نفسه فالحكم كذلك اه. أقول ليس ذلك بسديد لأن الحكم هنا هو التصدق بها حية وليس الحكم كذلك فيما لو كان واجبا بدون الايجاب على نفسه فإن الحكم هناك هو التصدق بقيمتها لا التصدق بعينها حية كما أفصح عنه المصنف بقوله وإن كان غنيا تصدق بقيمة شاة اشترى أو لم يشتر.

۹......منحة الخالق میں ہے: (قوله فعليه الوفاء بما سمى) قال الرملي: هذا صريح في تعينه وعدم جواز البدل هذا مع تصريحهم بعدم تعين الدرهم ولا شك أن الدينار كذلك، وكذلك الفلوس النافقة لعدم التفاوت وسيأتي قريبا أنه يلزم الوفاء بالأصل لا بكل وصف. (٤/٤٩٦) (وقد مر ما فيه عن الشامية)

۱۰......درمختار میں ہے: (ولو تركت) التضحية (ومضت أيامها تصدق بها حية ناذر) فاعل تصدق (لمعينة) ولو فقيرا. (٦/۳۲۰)

۱۱......فتاوی دار العلوم دیوبند میں ہے: سوال (۱) شخص مفلس حیوانے معین نذر نمود بعد چند روز حیوان منذور ہلاک شد آیا عوض آں حیوان دیگر بر شخص مذکور لازم آید یا چہ؟ جواب: ضمانش ساقط است و حیوان دیگر برو لازم التصدق نیست کما فی البدائع أن المنذور لو هلكت أو ضاعت تسقط التضحية بسبب النذر غير أنه ان كان موسرا تجب عليه أخرى بإيجاب الشرع۔ سوال (۳۳): کسی نے یک عمر جانور معین کی تصدق کی نذر معلق مانی اب مقصود حاصل ہو گیا فوراً اس جانور کو صدقہ کرنا چاہئے یا اضحیہ کے عمر کے لحاظ سے دیر کریں؟ (الجواب) جتنی عمر کا بھی وہ جانور ہے جب کہ نذر اسی کے

(جاری ——)

نام و پتہ
مستفتی

مضمون سوال وجواب

ان مجموعی عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص صرف ذبح کی نذر مانے تو یہ نذر منعقد ہو جاتی ہے۔ تاہم سوال میں مذکور مسائل کے یہ الفاظ کہ "میں بکرا ذبح کرونگا" میں کلام ہے کہ آیا یہ الفاظ نذر کے لئے کافی ہیں یا نہیں؟ لیکن حضرات فقہاء کرام کی عبارات کے مطابق ہمارے عرف میں یہ الفاظ چونکہ التزام پر بھی دلالت کرتے ہیں اسلئے احتیاطاً یہی ہے کہ اس سے نذر منعقد ہو جائے بلکہ صاحب بدائع کی تصریح کے مطابق احترازاً بھی ان الفاظ سے نذر منعقد ہو جاتی ہے۔

تاہم اس کی چند مختلف صورتیں ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔۔۔۔ناذر (منت ماننے والا) کا مقصود صدقہ خیرات کرنا ہو، اس صورت میں وہ چاہے تو جانور ذبح کر کے گوشت صدقہ کر دے یا چاہے تو جانور ہی صدقہ کر دے یا چاہے تو جانور کی قیمت صدقہ کر دے، تمام صورتوں میں منت پوری ہو جائیگی۔ (کما فی ھذہ المسئلۃ نذر أن یتصدق بعشرۃ دراھم من الخبز فتصدق بغیرہ جاز إن ساوی العشرۃ الدر المختار۔)

۲۔۔۔۔ناذر کا مقصود بقر عید والی قربانی کرنا ہو، تو خاص ایامِ نحر میں قربانی کرنا لازم ہے۔ (کما فی امداد الفتاوی جلد ۲ سوال نمبر ۲۶۷)

۳۔۔۔۔ناذر کا مقصود محض ذبح حیوان ہے تو ذبح کرنا ضروری ہے۔ (کما فی امداد الاحکام ۳/۴۲)

۴۔۔۔۔دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ نذر ذبح میں جانور متعین ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں وضاحت یہ ہے کہ حضرات فقہاء کرام نے نذر سے متعلق عمومی قاعدہ بیان فرمایا ہے کہ نذر قربت ~~اصلیہ~~ کے ساتھ متعلق ہوتی ہے، اسکے زائد اوصاف کا اس میں کوئی دخل نہیں ہوتا چنانچہ درمختار میں ہے:

"والنذر من اعتکاف أو حج أو صلاۃ أو صیام أو غیرھا غیر المعلق ولو معینا <u>لا یختص بزمان ومکان ودرھم وفقیر فلو نذر التصدق یوم الجمعۃ بمکۃ بھذا الدرھم علی فلان فخالف جاز وکذا لو عجل قبلہ فلو عین شھر للاعتکاف أو صوم فعجل قبلہ عنہ صح وکذا لو نذر أن یحج سنۃ کذا فحج سنۃ قبلھا صح</u>" (۲/۳۴۶)

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ نذر میں نہ کوئی خاص زمانہ متعین ہو سکتا ہے نہ مکان، نہ فقیر و مسکین نہ درہم ودینار۔

لیکن علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر صاحب بحر کے ایک رسالہ کے حوالہ سے اس پر تنقید کی ہے، فرماتے ہیں:

Scanned by CamScanner

مضمون سوال وجواب

وعلله بأن اللزوم لا يكون إلا بالنذر والدال عليه الثاني لا الأول فصار حاصله على أن المراد بالوجوب حقيقة الوجوب ... عليها عندهم وإذا كان من جنسه فرض لزم بالأولى ولذا قال صاحب الدرر المنذور إذا كان له أصل في الفروض لزم الناذر فيراد به ما يعم الواجب بأن يراد بالفرض في كلامه اللازم وبه يندفع التنافي الواقع في عبارتهم" (۳/۳۲۹)

بلکہ خود صاحب درمختار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے آگے کتاب الاضحیہ میں اس کو بیان کیا ہے

"نذر عشر أضحيات لزمه ثنتان لمجيء الأثر بهما عناية والأصح وجوب الكل لإيجابه ما لله من جنسه إيجاب شرع وهداية قلت ومفاده لزوم النذر بما من جنسه واجب اعتقادي أو اصطلاحي قاله المصنف فليحفظ." (۶/۳۲۰)

اور علامہ طحطاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اسکے ذیل میں فرماتے ہیں

"(قوله قاله المصنف) قال وكلام منلا خسرو يفهم أن المراد الاعتقادي آه وليس بعد النص إلا الرجوع إليه" (۴/۱۶۸)

ان عبارات سے ایک تو یہ معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص صرف ذبح کی نذر مانے تو وہ منعقد ہو جاتی ہے اور دوسرے یہ کہ نذر ذبح کے منعقد ہونے کے لئے تصدق لحم کی نذر ماننا ضروری نہیں ہے۔

اسکے علاوہ اسکی صحت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جب ذبح ولد کی نذر منعقد ہو جاتی ہے (علامہ ظفر احمد عثمانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مبسوط کے حوالے سے اس پر صحابہ رضی اللہ عنہم کا اجماع نقل کیا ہے، اگر چہ اسکی ادائیگی کے طریقہ میں اختلاف ہے) اور اسکی ادائیگی میں ذبح شاۃ لازم ہو جاتی ہے تو اگر کوئی شخص براہ راست ذبح شاۃ کی نذر مانے تو وہ بدرجہ اولیٰ منعقد ہونی چاہئے کیونکہ ذبح حیوان قربت مقصودہ اور تقرب الی اللہ کا ذریعہ ہے چنانچہ اعلاء السنن میں ہے:

"تذييل: في الجوهر النقي (۲:۲۳۹) في الخلافيات للبيهقي: لو قال إن شفى الله مريضي فلله علي أن أنحر ولدي لم ينعقد نذره ثم ذكره قولا آخر أنه يلزمه كفارة يمين "قال والآثار تدل على ذلك وقال أبو حنيفة ومحمد رحمة الله عليهما: يلزمه شاة انتهى. ويدل للقول الأخير أن الله تعالىٰ أمرنا بالاقتداء بإبراهيم عليه السلام ......الى...... والنذر واجب بالأمر والسلف اتفقوا على وجوب شيء واختلفوا في قدره فمن لم يوجب شيئا فقد خالف جميعهم" (۱۱/۴۴۱) وفيه أيضا: "وأما ثانيا وبه تبين فساد ما أوردنه على كلام صاحب الجوهر أن نذر ذبح الولد ليس بمعصية من كل وجه لكون ذبح الحيوان لله قربة" (۱۱/۴۴۲) وفيه أيضا "أما الحديث فقول النبي ﷺ: "أنا ابن الذبيحين "......الى...... (وأيضا ففي قوله هذا تصويب لنذر جده عبد المطلب بذبح ولده، ولو كان النذر بذلك معصية لم يقل ﷺ "أنا ابن الذبيحين "تحديثا بالنعمة فافهم) (۱۱/۴۴۳) وفيه نقلا عن المبسوط "والصحابة رضي الله تعالىٰ عنهم اتفقوا على صحة النذر واختلفوا فيما يخرج به فاستدللنا بإجماعهم على صحة النذر......الخ (۱۱/۴۴۳)

Scanned by CamScanner